22 مئی 2021ء

## اسٹیٹ بینک کی وضاحت

نیشنل اکاؤنٹس کمیٹی کا گذشتہ روز جاری کردہ مالی سال 21ء میں نمو کا عبوری تخمینہ (provisional estimate) 3.94 فیصد دیا گیا ہے جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ رواں مالی سال کے آغاز سے مضبوط اقتصادی بحالی جاری ہے، اور بینک دولت پاکستان کے حالیہ زری پالیسی بیانات اور سہ ماہی رپورٹوں میں بھی یہ بات اجاگر کی گئی ہے۔ اسٹیٹ بینک نے بلند تعدد کے حامل مختلف ڈیٹا (high frequency data) میں ظاہر ہونے والی متحرک اقتصادی سرگرمی کی بنیاد پر نمو کی اپنی پیش گوئی مارچ میں دے دی تھی۔ ایسا کرتے وقت مناسب طور پر محتاط انداز اپنایا گیا تھا اور نمو کو لاحق upside risks کو پیشِ نظر رکھا گیا تھا۔ اُس کے بعد سے موصول ہونے والے، اور نیشنل اکاؤنٹس کمیٹی میں زیرِ بحث آنے والے ڈیٹا سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ upside risks حقیقت بن چکے ہیں۔ گذشتہ روز مذکورہ کمیٹی میں ہونے والے غور و خوض اور اسٹیٹ بینک کے موقف کے بارے میں میڈیا کے بعض حلقوں میں بے بنیاد اندیشے ظاہر کیے جارہے ہیں۔ یہ غور و خوض معمول کے مطابق ہے اور اس کی نوعیت تکنیکی ہے، اور اس نے ہمیشہ کی طرح اس بار بھی عبوری تخمینے کی بنیاد واضح کرنے میں مدد دی ہے۔ تخمینہ اتفاقِ رائے سے منظور کیا گیا اور اس میں اسٹیٹ بینک کی مکمل حمایت شامل ہے۔

****